**18.03.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......

**Music**

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

1- وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ مہا کنبھ سے درخشاں بھارت اور کثرت میں وحدت کے جذبے کی عکاسی ہوتی ہے۔

2- وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے طاقت کے عدم توازن کی روک تھام کے لیے منصفانہ اور مستحکم بین الاقوامی نظام کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

3- مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ دیویندر فڑنویس نے کہا ہے کہ ناگپور میں تشدد بظاہر پہلے سے تیار کیے گئے منصوبے کے تحت پھیلایا گیا۔ انھوں نے لوگوں سے امن و قانون برقرار رکھنے کی اپیل کی ہے۔

4- اسرائیل نے کئی اُمور پر عارضی جنگ بندی کے مذاکرات ناکام ہوجانے کے تناظر میں غزہ پٹی میں کئی فضائی حملے کیے ہیں، جن میں کم از کم 200 افراد مارے گئے ہیں۔

5- خلاء باز سُنیتا ولیمز اور Butch Wilmore بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر 9 مہینے تک پھنسے رہنے کے بعد زمین پر واپس آنے کے لیے 17 گھنٹے کے سفر پر ہیں۔

6- اور کبڈی ورلڈ کپ میں آج انگلینڈ میں بھارت کی مردوں اور خواتین کی ٹیمیں اپنے اپنے گروپ میچ کھیلیں گی۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**LS PM Maha KUMBH**

وزیراعظم نریندرمودی نے زور دے کر کہا ہے کہ پریاگ راج میں مہا کنبھ سے درخشاں بھارت کے جذبے کی عکاسی ہوتی ہے اور پوری دنیا نے ملک کی طاقت کا مشاہدہ کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ کثرت میں وحدت بھارت کی ایک خصوصیت ہے، جس کا مشاہدہ حالیہ مہاکنبھ کے دوران کیا گیا۔ مہاکنبھ کے بارے میں آج لوک سبھا میں بیان دیتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ ایک ایسے وقت کہ جب پوری دنیا دشوار دور سے گزر رہی ہے، اِس اتحاد کی شاندار عکاسی ملک کی سب سے بڑی طاقت ہے۔ وزیراعظم نے کثرت میں وحدت کی اِس خصوصیت کو مضبوط کرتے رہنے کی ضرورت پر زور دیا۔

***PM- MAHAKUMBH***

پانی کی بچت کی اہمیت کو اُجاگر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ ملک میں کئی دریا ہیں اور اِن میں سے کچھ ختم ہونے کے قریب ہے۔ انھوں نے مہاکنبھ سے تحریک حاصل کرتے ہوئے '' ندی اُتسو کو وُسعت'' دیئے جانے کی ضرورت پر زور دیا۔ جناب مودی نے کہا کہ اِس سے نئی نسل کے نوجوان پانی کی بچت کی اہمیت سے واقف ہوسکیں گے۔

***PM- Nadi Utsav***

وزیراعظم نے کہا کہ اِس تاریخی سنگم سے بھارت کی صلاحیت کے بارے میں کچھ حلقوں میں ظاہر کیے گئے شکوک و شبہات بھی دور ہوگئے ہیں۔ جناب مودی نے پریاگ راج میں مہا کنبھ کی کامیابی میں اہم رول ادا کرنے والے لوگوں کی یہ کہتے ہوئے ستائش کی کہ اِس تاریخی
~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

سالگرہ سے ہموطنوں کو بڑی تحریک حاصل ہوئی ہے، کیونکہ اس میں عوام ہی پیش پیش تھے۔

پچھلے سال ایودھیا میں رام مندر میں بھگوان رام کی پران پرتشٹھا کا ذکر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ اِس سے اِس بات کی عکاسی ہوئی تھی کہ ملک کس طرح آنے والے ہزار برسوں کے لیے خود کو تیار کررہا ہے اور اِس نظریئے کو مہاکنبھ سے مزید تقویت ملی ہے۔

جناب مودی کے بیان کے بعد اپوزیشن کے ارکان نے یہ سوال کرتے ہوئے ایوان میں شوروغل کیا کہ وزیراعظم کو کس ضابطے کے تحت بولنے کی اجازت دی گئی۔ اسپیکر اوم برلا نے یہ وضاحت کی کہ متعلقہ ضابطوں میں اِس بات کی گنجائش ہے کہ وزیراعظم اور مرکزی وزراء ایوان میں بیان دے سکتے ہیں۔ جب شوروغل ہوتا رہا تو اسپیکر نے ایوان کی کارروائی دوپہر ایک بجے تک کے لیے ملتوی کردی۔x

**Jaishankar - Raisina Dialogue**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج ایک منصفانہ اور مستحکم بین الاقوامی نظام کی ضرورت پر زور دیا ۔ نئی دلّی میں رائے سینا مذاکرات کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے، انہوں نے زور دے کر کہا کہ ایک مستحکم عالمی نظام کی عدم موجودگی، نہ صرف طاقتور ممالک کو فائدہ پہنچاتی ہے بلکہ چھوٹے ملکوں کو خطرہ مول لینے اور قائم کردہ اصولوں کو چیلنج کرنے کے قابل بناتی ہے۔ڈاکٹر جے شنکر نے کشمیر پر پاکستان کے غیرقانونی قبضے کے ساتھ بھارت کے تجربے کا حوالہ دیتے ہوئے، خود مختاری اور علاقائی سالمیت کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

***SB - 1400 - Jaishankar on Pakistan***

ڈاکٹر جے شنکر نے میانما اور مغربی ممالک میں فوجی بغاوتوں پر بین الاقوامی ردِّعمل میں اختلافات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے، عالمی معیارات میں منصفانہ اور مستقل مزاجی کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے گذشتہ 8 دہائی کے دوران عالمی نظام کا مکمل جائزہ لینے اور دنیا میں طاقت کے بدلتے توازن کو تسلیم کرنے پر بھی زور دیا۔ x

**Tulsi Gabbard Raisina**

امریکہ کے قومی انٹیلی جنس شعبے کی ڈائرکٹر تلسی گبارڈ نے آج صبح Raisina مذاکرات میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہیں مدعو کیے جانے پر وزیراعظم نریندرمودی کے تئیں تشکر کا اظہار کیا۔ انھوں نے اپنے دورے کے دوران تعمیری تبادلۂ خیال کو اُجاگر بھی کیا۔ محترمہ گابارڈ نے کہا کہ گزشتہ چند روز کے دوران انھوں نے اپنے بھارتی ہم عہدہ اہلکاروں کے ساتھ تعمیری بات چیت کی ہے اور پچھلے مہینے واشنگٹن میں صدر ٹرمپ اور جناب مودی کے مشترکہ بیان کے تناظر میں تعلقات نے جو رفتار پکڑی ہے، اُسے آگے بڑھانے کا موقع ملا ہے۔ x

***Byte-1400 Tulsi Gabbard***

**Maha CM**

مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ دویندرفڑنویس نے ریاست کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ امن و قانون برقرار رکھیں اور سبھی طرح کے عقیدوں اور برادریوں کا احترام کریں۔ ناگپور واقعے کے بارے میں ریاستی اسمبلی میں جانکاری دیتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ناگپور میں تشدد کے واقعات بظاہر پہلے سے تیار کیے گئے منصوبے کے تحت ہوئے۔ انھوں نے یقین دلایا کہ اُن افراد کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی، جنھوں نے پولیس اہلکاروں پر حملہ کیا۔ جناب فڑنویس نے بتایا کہ اِن واقعات میں DCP رتبے کے تین افسروں سمیت 33 پولیس اہلکار زخمی ہوئے۔ پانچ عام شہری بھی زخمی ہوئے ہیں اور اِن میں سے ایک ICU میں زیر علاج ہے۔ وزیراعلیٰ نے بتایا کہ پانچ کیس درج کیے گئے ہیں اور گیارہ تھانوں کے تحت آنے والے علاقوں میں کرفیو نافذ کردیا گیا ہے۔ x

**Pralhad joshi Nagpur**

مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے کہاہے کہ مہاراشٹر سرکار ناگپور تشدد میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی کرے گی۔ پارلیمنٹ کے باہر نامہ نگاروں

سے بات کرتے ہوئے جناب جوشی نے کہا کہ ریاستی سرکار صورتحال سے مؤثر طور پر نمٹ رہی ہے۔

**Byte Pralhad Joshi**

اُدھر Thane ضلع سے شیو سینا شِندے کے ممبر پارلیمنٹ نریش Mhaske نے اِس واقعے کے پیچھے اپوزیشن کی سازش کا الزام لگایا ہے۔ انھوں نے یہ الزام بھی لگایا ہے کہ تحقیقات سے یہ انکشاف ہوا ہے کہ باہر سے آئے ہوئے لوگوں نے یہ تشدد پھیلایا۔

**Byte Naresh Mhaske**

اِدھر کانگریس کے ممبر پارلیمنٹ پرمود تیواری نے نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ناگپور میں امن قائم کیا جانا چاہئے اور قصور وار افراد کو سزا دی جانی چاہئے۔ دوسری طرف شیو سینا UBT کی ممبر پارلیمنٹ رینکا چترویدی نے الزام لگایا ہے کہ مہاراشٹر میں نئی سرکار کے آنے کے بعد سے امن و قانون ٹھپ ہوکر رہ گیا ہے۔x

**Delhi MLAs Orientation**

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے آج دلّی قانون ساز اسمبلی کے نئے منتخب ارکان کے لیے دو روزہ تربیتی پروگرام کا افتتاح کیا۔ اپنے خطاب میں جناب برلا نے زور دے کر کہا کہ مؤثر عوامی نمائندوں کے طور پر کام کرنے کے لیے ارکان کو ایوان کے ضابطوں اور طریقۂ کار کے ساتھ ساتھ آئین کی دفعات کے بارے میں بھی تفصیلی جانکاری حاصل کرنی چاہئے۔ انھوں نے اِس بات پر بھی زور دیا کہ ارکان اسمبلی کو ایوان میں ہونے والی بحث میں سرگرمی کے ساتھ حصہ لینا چاہئے۔ ارکان اسمبلی کے کام کرنے کے طریقے اور ذمہ داریوں کو اُجاگر کرتے ہوئے جناب اوم برلا نے کہا کہ نئی سرکار سے عوام کی امیدیں بہت زیادہ ہیں۔ لہٰذا ایوان میں تعطّل سے گریز کیا جانا چاہئے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ اختلافِ رائے کا اظہار با مقصد مذاکرات کے ذریعے پُروَقار انداز سے کیا جانا چاہئے۔ دلّی اسمبلی کے سبھی ارکان اِس دو روزہ پروگرام میں شرکت کررہے ہیں۔ اِن میں دلّی اسمبلی کے اسپیکر وجیندر گپتا، ڈپٹی اسپیکر موہن سنگھ بشٹ، دلّی کی وزیرِاعلیٰ ریکھا گپتا اور اپوزیشن کی لیڈر آتشی شامل ہیں۔x

**BIHAR ED**

انفورسمنٹ ڈائرکٹریٹ ED نے ملازمت کے عوض زمین کے منی لانڈرنگ کیس کے سلسلے میں پوچھ تاچھ کے لیے RJD کے صدر اور بہار کے سابق وزیرِاعلیٰ لالو پرساد کو کل پوچھ تاچھ کے لیے طلب کیا ہے۔ سابق وزیرِاعلیٰ اور RJD کی لیڈر رابڑی دیوی اِس کیس میں اپنا بیان قلم بند کرانے کے لیے پہلے ہی پٹنہ میں ED کے دفتر پہنچ چکی ہیں۔ انفورسمنٹ ڈائرکٹریٹ نے اِسی کیس کے سلسلے میں چھان بین کے لیے RJD کے سربراہ کے بڑے بیٹے تیج پرتاپ یادو کو بھی طلب کیا ہے۔ x

**Israel Strike In Gaza**

اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی ختم ہوگئی ہے، جس سے غزہ پٹی میں تباہ کن تشدد کا دور دوبارہ شروع ہو گیا ہے۔ اسرائیلی فورسز نے غزہ کے علاقوں پر منگل کی صبح بڑے پیمانے پر فضائی حملے کیے۔ فلسطینی محکمۂ صحت کے حکام کے مطابق اس حملے میں کم از کم 200 افراد مارے گئے ہیں، جن میں اکثر بچے شامل ہیں۔ 19 جنوری 2025 کو شروع ہونے والی جنگ بندی کے بعد سے یہ اب تک کا سب سے بڑا فوجی حملہ ہے۔ اس حملے سے غزہ میں تقریباً دو ماہ کی پرسکون صورتحال ختم ہوگئی ہے۔ اسرائیلی فورسز نے شمالی غزہ، غزہ سٹی، Deir al-Balah ، خان یونس سمیت پورے غزہ میں متعدد مقامات کو نشانہ بنایا۔

اسرائیلی فورسز نے درجنوں اہداف کو نشانہ بنانے کی تصدیق کی ہے اور خبردار کیا ہے کہ ''جب تک ضروری سمجھا جائے گا'' ، کارروائیاں

جاری رہیں گی۔ اسرائیلی فورسز نے مزید کہا کہ برّی فوج جلد ہی دوبارہ کارروائی میں شامل ہوسکتی ہے۔ حماس کے حکام نے اسرائیل پر یکطرفہ طور پر جنگ بندی معاہدے کوختم کرنے کا الزام لگایا ہے، جس سے غزہ میں ابھی تک قید دو درجن یرغمالیوں کی زندگی خطرے میں پڑ گئی ہے۔x

**Trump Putin Talks**

روس نے اِس بات کی تصدیق کی ہے کہ صدر ولادیمیر پُتن اور امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ یوکرین تنازع کوختم کرنے پر آج بات چیت کریں گے۔ Kremlin کے ترجمان دِمتری Peskov نے کہا ہے کہ دونوں رہنماؤں کے درمیان بات چیت کیلئے تیاریاں جاری ہیں۔گذشتہ اتوار کو امریکی صدر ٹرمپ نے یوکرین میں جنگ کوختم کرنے کی اپنی کوششوں کے حصے کے طور پر روس کے اپنے ہم منصب کے ساتھ بات چیت کے اپنے منصوبے کا اعلان کیا تھا۔ انھوں نے اِس بات کا بھی ذکر کیا تھا کہ اِس بات چیت میں زمین اور بجلی کے پلانٹس کلیدی موضوعات ہوں گے۔x

**Peru Declares Emergency**

Peru کی صدر Dina Boluarte نے راجدھانی Lima میں ایمرجنسی کا اعلان کردیا ہے اور وہاں فوجیوں کی تعیناتی کا حکم دیا ہے تاکہ Armonia 10 بینڈ کے نامور گلوکار Paul Flores کی ہلاکت کے بعد وسیع پیمانے پر غم و غصے کے تناظر میں بڑھتے ہوئے تشدد سے نمٹنے میں پولیس کی مدد کی جاسکے۔ راجدھانی Lima میں موسیقی کے پروگرام کے بعد حملہ آوروں نے اتوار کو صبح سویرے بس پر حملہ کرکے انہیں گولی مار کر ہلاک کردیا تھا، جب وہ اور اُن کے بینڈ میں شامل اُن کے ساتھی واپس آرہے تھے۔ Peru کی صدر کی سرکار نے ایک فرمان جاری کرکے کہا ہے کہ ایمرجنسی ایک مہینے تک نافذ رہے گی اور حکام لوگوں کے اکٹھا ہونے اور اُن کی نقل و حرکت سمیت کچھ حقوق پر بندشیں عائد کریں گے اور محدود رکھیں گے۔x

**Nasa US Astronouts**

امریکہ کے نیشنل ایروناٹکس اینڈ اسپیس ایڈمنسٹریشن NASA نے اعلان کیا ہے کہ خلاباز Butch Wilmore اور سنیتا ولیمز، جو بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر نو ماہ سے زیادہ عرصے سے پھنسے ہوئے ہیں، زمین پر واپس آ رہے ہیں۔ یہ دونوں خلاء باز بھارتی وقت کے مطابق 10 بجکر 35 منٹ پر بین الاقوامی خلائی اسٹیشن سے روانہ ہوئے اور اب زمین پر واپس آنے کیلئے 17 گھنٹے کے سفر پر ہیں۔ ڈریگن خلائی جہاز کے ہیچ کو بند کرنے کی تیاریاں شروع ہوگئی ہیں اور یہ کل صبح تین بجکر 27 منٹ پر زمین پر پہنچے گا۔ ایک سرکاری بیان میں، NASA نے تصدیق کی ہے کہ Crew-9 مشن کی واپسی کیلئے حالات سازگار ہیں۔ فلوریڈا کے ساحل سے دور سمندر میں خلابازوں کے اترنے کی توقع ہے۔ اس کے علاوہ، ایک اور SpaceX Crew ڈریگن کرافٹ جلد ہی NASA کے خلاباز Nick Hague اور Roscosmos کے خلاباز Aleksandr Gorbunov کو زمین پر واپس لے کر آئے گا۔ بوئنگ اسٹار لائنر خلائی جہاز کے پہلے عملے کے مشن کے بعد، عملے کے یہ ارکان گزشتہ سال جون سے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پر ہیں۔ بوئنگ اسٹار لائنرز کو تکنیکی مسائل کا سامنا کرنا پڑا، جس کی وجہ سے وہ واپسی کے سفر کیلئے موزوں نہیں تھا۔x

**Kabaddi World Cup**

کبڈی عالمی کپ 2025 میں انگلینڈ کے شہر Wolverhamton میں آج شام بھارت کے مردوں اور خواتین کی ٹیمیں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گی۔ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے پانچ بجے گروپ ڈی میں خواتین ٹیم کا سامنا Wales کے ساتھ ہوگا، جبکہ رات ساڑھے دس بجے گروپ بی میں مردوں کی ٹیم کا مقابلہ اسکاٹ لینڈ سے ہوگا۔ بھارت مردوں اور خواتین دونوں زمروں میں دفاعی چمپئن کے طور پر ٹورنامنٹ میں حصہ لے رہا ہے۔ x